بسم اللہ الرّحمٰن الرحیم

# عمل

امت باللہ

# امنت باللہ کا عمل

امنت کا عمل سے یہاں ہر شخص اگر نہیں تو کم سے کم وہ مٹھی بھر لوگ ہی ہوں گے جنھیں اس عمل کے بارے میں پتا نا ہو۔ یہاں میں خالص اللہ رب العزت کی رضا کے خاطر آپ لوگوں کی خدمت میں اس عمل کے بارے میں کچھ معلومات شیئر کرنے جا رہا ہوں امید کرتا ہوں۔ قدر دان لوگ اس کے بعد میرے حق میں دعا گو ہونگے، باقی رہا پھر وہ سوال جس کا میں یہاں تذکرہ کر دیتا ہوں، میرے دوستوں یہ عملیات ہے کسی کے باپ دادا کی جاگیر نہیں کے جی یہ عمل میری ملکیت ہے تو اسے کوئی اور نہیں کر سکتا، ایسی سوچ رکھنے والے بخیل حضرات سے کے بارے میں مزید کچھ نہیں کہہ سکتا، اور تمام حضرات کو میں بتاتا چلوں کے یہ عمل پاکستان میں ایک ادارہ 6100 کا کرواتا ہے۔ لیکن اب آپ مفت یہ عمل کر سکتے ہیں اس میں کسی بھی قسم کی رجعت نہیں ہوتی یہ حصار کا عمل ہے اور بہت سی جگہوں پر بھی استعمال ہوتا ہے، اسکا استعمال ہر اس شخص کو خود باخود آجائے گا جو اس عمل کا چلہ کرے گا، یہ بات صرف اس عمل کی نہیں بلکہ ہر عمل کا طریقہ یہی ہے جب آپ کسی عمل کا چلہ کرتے ہیں تو آپکی روحانیت خود باخود جہاں جہاں اس عمل کو استعمال کرنا ہو دل میں وہ بات پیدا کر دیتی ہے۔ اب کوئی یہ کہے کے جی ہمیں اس عمل کے ساتھ اسکے استعمال کی ایک کاپی بھی دیں تو جناب ایک بات صاف طور پر کہہ دینا چاہتا ہوں جب آپ کسی کی اجازت سے بغیر چلے کے اسکا عمل استعمال کرتے ہیں تو آپ میں روحانی طاقت نا ہونے کی وجہ سے کاپی یعنی اس عمل کے استعمال کا طریقہ کار کی ضرورت پڑتی ہے، اور جو حضرات چلے وغیرہ کرتے ہیں وہ میری اس بات سے متفق ہونگے، اس عمل میں کسی بھی قسم کی پرہیز ہے، اور یہ عمل تاثیر میں دو طرح کا ہوتا ہے ایک بڑا اور ایک چھوٹا، اور اسکا طریقہ بھی بہت آسان ہے لیجیے عمل کا طریقہ کار نوٹ فرمالیجے۔

نوچندی جمعرات کو 21 مرتبہ ۴۱ روز تک ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل عمل پڑھنا ہے، یعنی ہر فرض نماز کے بعد اپنی جگہ سے بغیر ہلے جلے سلام پھیرنے کے بعد 21 مرتبہ پڑھیں، پھر اگلی نماز کے فرض نماز کے بعد اسی طرح 21 مرتبہ اول و آخر درود شریف کوئی سا بھی، دوسرے طریقے میں بھی عمل مندرجہ بالا طریقے پر ہوگا مگر عمل کے پڑھنے کی مقدار 21 نہیں بلکہ 7 ہوگی، لیکن یہاں تک یہ عمل ختم نہیں ہوتا آپ کسی بھی قسم کا عمل پڑھیں مگر رات کو سونے سے پہلے جب اپنے بستر پر جائیں تو بیٹھ کر الحمد شریف، آیۃ الکرسی، اور چاروں قل سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے بدن پر دم کریں، اب آپکا عمل ختم ہوا، یہ عمل اسی طریقے پر ہوتا کوئی بھی مخفی مخلوق آکر آپکو دورانِ عمل تنگ نہیں کرے گی بے فکر رہیں۔ مداومت اس عمل کی ہر نماز کے بعد ہوگی، جیسا عمل کے دوران پڑھتے تھے، مگر اب عمل پڑھنے کی قید نہیں ہوگی۔

عمل سے متعلق کچھ ضروری باتیں:۔

۱۔ اگر نماز کے بعد آپ اپنی جگہ سے اُٹھ گئے تو عمل ضائع ہو جائے گا اور دوبارہ نئے سرے سے عمل کرنا پڑے گا۔

۲۔ باجماعت پڑھنے کی شرط نہیں مگر دورانِ عمل تمام نمازیں اپنے ٹائم پر پڑھنی ہیں۔

۳۔ اگر دن بھر عمل کیا مگر رات کو بتایا گیا حصار کا عمل نا کیا تو بھی عمل ضائع ہو جائے گا۔

۴۔ پرہیز کسی بھی قسم کا نہیں ہے ہاں ایک بات تجربے کی بتادوں کے نفلی نمازوں کا اہتمام اور ذکرو اذکار اور شرعت کا پابند رہنے سے عمل میں بھول چوک نہیں ہوتی، ورنی تو جناب میں ایسے بھی انسان دیکھیں ہیں جو کہ 35 دن کرنے کے بعد دوبارہ نئے سرے سے عمل کررہے ہوتے ہیں اور پھر دوبارہ 21 دن بعد پھر نئے سرے سے یہ عمل کے مؤکلین آپسے عمل کو ناکام کروانے کیلئے بھول چوک پیدا کر دیتے ہیں،

۵۔ یہ عمل بنیادی طور پر تبلیغی جماعت والوں سے شروع ہوا تھا۔ وہ ایسے کے ایک جماعت کا ساتھی دعوت دے رہا تھا، کہیں کسی تقاضے سے چلتے چلتے اور لوگوں کو ڈھونتے ڈھونتے ایک پہاڑ کے قریب سے گزر ہوا وہاں ایک بزرگ کو بیٹھے دیکھا تو جناب یہ حضرت انھیں دعوت دینے لگے، جب بزرگ نے پوری بات سن لی تو فرمایا،

اور۔۔۔۔۔۔۔۔! توان صاحب نے فرمایا اور کچھ نہیں بس ہم ۱۲ لوگوں کی جماعت اسی غرض سے یہاں دعوت دینے آئے ہیں تو بزرگ کو کافی حیرت بھی ہوئی اور خوشی بھی کہ یہ لوگ بغیر کسی دنیاوی غرض کے اپنا جان، مال اور پیسا چھوڑ کر لوگوں کی فلاح کی نیت سے آئے ہیں، توانھوں نے یہ عمل اس وقت ان صاحب کو تعلیم فرمایا، اس طرح یہ عمل آج ہم لوگوں میں اتنا مقبول ہوا یہی وجہ ہے کہ اس عمل کے زیادہ تر عاملین تبلیغی جماعت والے ہوتے ہیں پر سارے نہیں، اور اس بات کی صداقت کا اندازہ آپ لوگوں کو اس وقت ہوجائے گا، جب اس عمل کے مکمل ہونے کے قریب آپ کامیاب ہوجائیں گے اور آخری کے دنوں میں ایک خواب میں اس بزرگ کو دیکھیں گے۔ دراصل وہ بزرگ جنات میں سے ہیں اور سعودیہ عرب کے اندر جنات کی جماعت کے امیر بھی ہیں اور انکے نام میں ش آتا ہے نام اس وقت زہن میں نہیں آرہاہے، اور ہاں پھر وہ ایک جماعت کی تشکیل کرتے ہوئے دیکھیں گے اور اس جماعت کو آپکے ساتھ روحانی طور پر رہنے کی بشارت دیں گے۔

۶۔ گھبرائیں نہیں بلکل۔ اس عمل کی کامیابی کی ایک ایسی دلیل ہے جو میرا دل نہیں کررہا کہ میں یہاں بیان کروں مگر چونکہ چھوپانا میری فطرت نہیں اس لیے مجبوری سے بتادیتا ہوں، کیوں کہ میں چاہتا ہوں ہر شخص ذاکر بنے اللہ کا ذکر کسی نا کسی طریقے سے کرتا رہے، مؤکلات اور جنات کے چکر میں پڑھکر اپنا ایمان خراب نہیں کرے، وہ بات یہ ہے کہ جب اس عمل کو کرنے والا رات میں سوتا ہے حصار کرنے کے باوجود تو اس عمل کے مؤکلین آکر اس عامل کے ہاتھ یا پاؤں وغیرہ بلکل معمولی سا ہلاتے ہیں، آہاں ڈرپے نہیں یہ ہلانا ایسا ہوتا ہے کے بس آپ نیند سے بیدار ہوجائیں اور کوئی نقصان پہچانا مقصود نہیں ہوتا۔ جو کمزور دل حضرات ہیں ان سے کہوں گا کے صرف نماز و ذکر ازکار کی پابندی کریں اور ڈریں نہیں ایسا کچھ نہیں ہوگا، آپ جب جاگیں تو تہجد کی نماز ادا کرلیں ورنی دوبارہ بھی سو سکتے ہیں یہ صرف ایک رات میں ایک دفعہ ہوگا، اور ضرور ہوگا، اور اُٹھنے پر نظر کوئی نہیں آئے گا۔

مجھے نہیں لگتا کے میں نے کوئی بات نا بتائی ہوئی ہو، پر ایک چھوٹی سی گزارش ہے، وہ حضرات بلکل بھی رابطہ نا کریں جو صرف معلومات لیتے رہتے ہیں انھوں نے کرنا کرانا کچھ نہیں ہوتا بس اپنا اور دوسروں کا ٹائم خراب کرتے

ہیں، اور برائے کرم اس پورے عمل کو غور سے پڑھیں ساری باتوں کا جواب اسی میں ہے ۔میں نے اکثر نوٹ کیا ہے جہاں 12 باتیں لکھی ہوتی ہیں لوگ میسج کر کے 13 چیز پوچھ رہے ہوتے ہیں، خدارا ایسا نا کریں اور اپنی اس رویش کو ختم کریں۔آپ جس ٹائم کو برباد کرنے پر تلے ہوئے ہیں وہ کسی مستحق انسان کے کام آجائے گا۔اور برائے کرم اجازت لینے والے حضرات صرف اپنا مقصد اسکے بعد اپنا نام معہ والدہ اسکے بعد اپنے چلوں کی تفصیلات اور سب سے آخری میں اپنا مقام جہاں پر عمل کرنا ہے لکھیں اور کچھ نہیں چاہیے اگر تصویر بھی دیں تو نور اعلی نور ہو گا۔

وسلام بندہ گناہگار حافظ محمد علی منہاس

اٰمَنْتُ بِاللهِ الْعَظِيْمِ وَكَفَرْتُ بِالْجِبْتِ
وَالطَّاغُوْتِ وَاسْتَمْسَكْتُ بِالْعُرْوَةِ
الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللهُ سَمِيْعٌ
عَلِيْمٌ

اسلامُ علیکم

دوستو آج اک میسج آیا کہ بھائی دعا جو لکھی ہے ۔ اسکو درست طرح سے لکھیئے ۔ میں نے ان کے حکم کے مطابق اُن کی عنائت کردہ دعا یہاں چسپاں کر دی ھے ۔ آپ سے دعا کی التجا ہے ۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْم وَ کَفَرْتُ بِالْجِبْتِ

وَالطَّاغُوْتِ وَاسْتَمْسَکْتُ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی لَانْفِصَامَ لَھَا وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ

کوئی دعوی نہیں

کوئی وعدہ نہیں

# اُمَنتُ باللہ

# کا خاص عمل

◆ اس عمل کی اجازت ملنے کے بعد جنات اور جادو کے علاج میں غائبانہ موکلین کی ایک جماعت عامل کے ساتھ تعاون کرتی ہے ◆ جنات کو بوتل میں بند کرنا، جنات کو بذریعہ موکلین جیل میں قید کروانا، حب، جدائی، شادی، ہر قسم کی بیماریوں کا روحانی علاج، گھر کی ہر قسم کے جنات و جادو سے حفاظت، چوری شدہ سامان کی اطلاع و واپسی اور دیگر مقاصد کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔

## رابطہ


خادم العلماء والعاملین
طبیب روحانی وجسمانی

ابونافع خالد مقبول عارف

چشتی قادری شاذلی
نقشبندی سہروردی

سرپرست: دارالعمل چشتیہ، مکتبۃ العارف، مطب العارف

مدیر اعلیٰ: خزینہ علم وعمل، خزینہ روحانیات، خزینہ صحت

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور-54570

فون (دفتر): 35033371 (042) موبائل (دفتر): 7772772 (0343)

موبائل: 0333-4308286, 0323-4435861 (اوقات: دوپہر 2 تا 4 بجے علاوہ جمعہ واتوار)

www.darulamal.org/ruhanidarsgah, info@darulamal.org

السلام کا واقعہ لکھا ہے۔

عام رواج ہے کہ جنات کو حاضر کر کے بلاؤ اور نکالو۔ اور بڑا عامل بھی وہی ہے جو جنات کو حاضر کر لے۔ ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ اسکی شرعی حیثیت کیا ہے۔ نص قطعی ہے:

قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ (المؤمنون ۹۷-۹۸)

حضور علیہ السلام کو خصوصی خطاب میں فرمایا گیا کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کہ "اے میرے رب! پناہ چاہتا ہوں شیاطین کے ہر شر سے (یعنی جادو، ٹونہ، اثر ڈالنا، دورہ ڈالنا) اور اے میرے رب! پناہ چاہتا ہوں کہ ان یحضرون کہ وہ حاضر ہوں"۔ ان کا حاضر ہونا یا حاضر کرنا دونوں شر سے خالی نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو حاضر ہونے سے یا حاضر کرنے سے روکا ہے۔ شیطان کبھی بھی انسان کا خیر خواہ نہیں ہوسکتا۔

اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ (یوسف ۵)...... "شیطان انسان کا بدترین دشمن ہے"۔

اِنَّ الشَّیْطٰنَ کَانَ مِنَ الْجِنِّ...... "شیطان جنات میں سے ہے"۔

تذکرۃ الانبیاء میں لکھا ہے "مؤکل مسلمان جن کو کہا جاتا ہے اور جن کافر جن کو کہا جاتا ہے"۔ دوسری بات یہ کہ اگر مریض عورت ہے اور اس پر مرد جن مسلط ہے۔ جو دورہ ڈالتا ہے تو اگر عامل اس جن کو عورت میں حاضر کرتا ہے تو یہ غیر محرم کو عورت میں داخل کرنا ہے اور اگر مرد مریض ہے، اس پر کوئی عورت جنیہ مسلط ہے تو اس کو مرد میں حاضر کرنا گویا کہ عورت کو غیر محرم مرد میں داخل کرنا ہے، جو غیر شرعی فعل ہے۔ لہٰذہ پرہیز کیا جائے۔

ہمارے استاذ محترم کے استاذ محترم حضرت محی الدین قریشیؒ فرمایا کرتے تھے کہ جن لوگوں نے جنات تابع کر رکھے ہیں، جنات ان سے ضرور بدلہ لینگے یا انکی اولاد سے لینگے۔ اگر زندگی میں نہ لے سکے تو خاتمہ ضرور خراب کرینگے۔ لہٰذہ جنات کو تابع کرنے کا اور حاضر کرنے کا طریقہ ختم کر دیا جائے۔ آپ حضرات تشخیص کا کام مریض کے کپڑے سے لیا کریں۔ مریض کا کرتہ، قمیض، دوپٹہ، کوئی ایک کپڑا المبائی میں پیمائش مریض سے کروائیں۔ پھر اس پر چہل کاف یا سات سلام یا امنت با اللہ والا عمل سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر دوبارہ پیمائش کریں۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو جنات کا اثر ہے، اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر کپڑا برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔ یہ تشخیص درست ہے۔ علاج شروع کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ محترم کے استاذ المکرّم والمعظم الحاج حضرت اقدس مولانا محی الدین قریشی ؒ، المعروف بیت القمر E-3/6 قصبہ کالونی، کراچی ۱۴ کا ارشادِ گرامی ہے:

''اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جنات و جادو کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ انکی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی، جب تک اعمال کی درستگی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ جو قوم اپنے اعمال نہیں بدلتی، خدائے پاک ان کے حالات نہیں بدلتا۔

**نوٹ ۱** جس طرح رات کے بعد دن کا آنا ضروری ہے۔ اسی طرح ہر پریشانی کے بعد راحت کا آنا ضروری ہے۔ بشرطیکہ اللہ تعالیٰ پر اعتماد کرے کہ وہ بہتری فرمانے والا ہے۔

**نوٹ ۲** کسی بھی عمل کی آگے اجازت دینے کی اجازت نہیں ہے۔

## دعا گو

خادم العلماء والعاملین
طبیب روحانی وجسمانی

ابو نافع خالد مقبول عارف

چشتی قادری شاذلی
نقشبندی سہروردی

فون دفتر 35033371 (042) موبائل دفتر 7772772 (0343)

# بنیادی عمل

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْم وَ کَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاسْتَمْسَکْتُ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی لَاانْفِصَامَ لَھَا وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْم﴾ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم. اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ یَاحَافِظُ یَاحَافِظُ یَاحَافِظُ یَاحَافِظُ

**نوٹ** بریکٹ میں جو آیت ہے، یہ بنیادی عمل ہے۔اس کے ماتحت باقی عمل ہیں۔لیکن اس عمل کا چلہ کرنا شرط ہے۔تفصیلات کے لئے بندہ سے رجوع فرمائیں۔


## روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

خادم العلماء والعاملین طبیب روحانی وجسمانی

# ابونافع خالد مقبول عارف

چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی

خط وکتابت پوسٹ بکس 9119، لاہور۔54570

فون دفتر (042) 35033371 موبائل دفتر (0343) 7772772

Website: www.darulamal.org/ruhanidarsgah

...یوم پورا کریں۔

❷..... رات کو سونے سے قبل درج ذیل حصار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ حصار رات کو پڑھنا ہے اور صبح فجر سے عمل شروع کر دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| درود ابراھیمی | ........... | سات بار |
| سورۂ کافرون | ........... | سات بار |
| سورۂ اخلاص | ........... | سات بار |
| سورۂ فلق | ........... | سات بار |
| سورۂ ناس | ........... | سات بار |
| سورۂ فاتحہ | ........... | سات بار |
| الم تا مفلحون | ........... | سات بار |
| آیت الکرسی | ........... | سات بار |
| درود ابراھیمی | ........... | سات بار |

**سوال:** کن اعمال سے چلہ ٹوٹ جائے گا؟

**جواب:** چالیس یوم میں کسی بھی دن درج ذیل میں کوئی بھی اعمال ہو گیا تو عمل ٹوٹ جائے گا۔ تفصیل یہ ہے: کسی بھی فرض نماز کا قضا ہونا، فرض کے سلام پھیرنے کے بعد بات کر لینا یا قبلہ سے منہ پھیر لینا یا اپنی نشست سے اٹھ جانا۔

**نوٹ** * امام حضرات دعا کروا کر عمل پڑھ لیں۔

* عمل جو پڑھا جائے گا، اسکے لئے اجازت نامہ دیکھیں۔


**روحانی درس گاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور**

(دفتر فون) 042-35033371، (دفتر موبائل) 0343-7772772

(مولانا عرفان) 0321-4661681، (سید عامر علوی) 0300-8439477

darulamal.org/ruhaniilajgah, info@darulamal.org



روحانی درسگاہ
darulamal.org/ruhaniidarsgah
info@darulamal.org

اجازت
برائے ________ دستخط 12|16

# امنت باللہ کے چلّے کا طریقہ

امنت باللہ کے چلّے میں دو اعمال کرنے ہوتے ہیں۔ ایک میں بھی غلطی یا ناغہ ہونے سے عمل ختم ہو جاتا ہے اور دوبارہ کرنا پڑتا ہے۔ اس میں کسی بھی قسم کی کوئی رعایت نہیں ہوتی۔ لہٰذا غلطی ہونے کی صورت میں فون کر کے رعایت لینے کی کوشش نہ کریں۔ دوبارہ چلہ شروع کریں۔

اس چلہ میں کامیابی پر غائبانہ طور پر جنات کی ایک جماعت عامل کو مل جاتی ہے جو عامل کی مدد کرتی ہے۔ خاص کر جادو اور جنات کے علاج میں بھرپور تعاون کرتی ہے اور شریر اور سرکش جنات کی پکڑ دھکڑ کرتی ہے اور ان کو جیلوں میں بند کرتی ہے۔

طریقہ درج ذیل ہے:

1۔۔۔۔۔ہر فرض نماز کے بعد یعنی سلام پھیرنے کے بعد فوراً سات بار عمل (بسم اللہ سمیت) پڑھیں۔ فجر سے آغاز کریں اور چالیس یوم پورا کریں۔

2۔۔۔۔۔رات کو سونے سے قبل درج ذیل حصار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ حصار رات کو پڑھنا ہے اور صبح فجر سے عمل شروع کر دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| درود ابراہیمی | .................... | سات بار |
| سورۂ کافرون | .................... | سات بار |
| سورۂ اخلاص | .................... | سات بار |
| سورۂ فلق | .................... | سات بار |
| سورۂ ناس | .................... | سات بار |
| سورۂ فاتحہ | .................... | سات بار |
| الم تا مفلحون | .................... | سات بار |

روحانی درگاہ
darulamal.org/ruhanidargah
info@darulamal.org

# حاضری کا عمل بوتل والا

## بوتل کے اوپر والا نقش




## بوتل کے نیچے والا نقش

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ١ | تنکائیل | ١٥ | اجب | ٢ |
| ٤ | اجب | ١٩ | ١٧ | |
| ٣ | جبرائیل | ٢٠ | اسرائیل | ٥ |

یہ دونوں نقش ملا کر بوتل میں رکھیں۔ پھر مریض کو بوتل دکھائیں۔ خبیث جن فوراً حاضر ہوگا اور مریض کو نظر آئیگا۔ اس جن سے مریض کو دوبارہ تنگ نہ کرنے اور اس کا پیچھا چھوڑنے کا وعدہ لے کر رخصت کردیا جائے۔

## داڑھ والا نقش

جو جنات اثر انداز ہوں اور بوتل دکھانے پر بوتل میں حاضر نہ ہوں تو پھر یہ نقش لپیٹ کر بائیں داڑھ میں رکھ کر دبائیں۔ اگر پھر بھی حاضر نہ ہوں تو دائیں داڑھ میں رکھ کر دبائیں اور مسلسل بوتل دیکھتے رہیں۔ انشاء اللہ جنات حاضر ہوں گے اور پکڑے جائیں گے۔

| | یابدوح | ۷۸۶ | یابدوح | |
|---|---|---|---|---|
| یابدوح | ۸ | ۱ | ۶ | یابدوح |
| | ۳ | ۵ | ۷ | |
| یابدوح | ۴ | ۹ | ۲ | یابدوح |
| | یابدوح | یابدوح | یابدوح | |

## دفع اثرات جنات وجادو

**جادو کے لیے:** یہ نقش زعفران سے لکھیں۔ پھر عرق گلاب میں ڈال کر پلایا جائے۔

**سایہ کے لیے:** یہ نقش کالی سیاہی سے لکھیں اور مریض کو پلائیں۔ طریقہ درج ذیل ہے:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| یاحفیظ | یارحیم | یاحافظ |
| یاکریم | یاحیّ | یاقیوّم |
| رحیم | رحیم | رحیم |

**طریقہ** سات عدد الائچی خورد لے کر ایک کلو پانی میں ابال لیں۔ جب تین پاؤ رہ جائے تو ٹھنڈا ہونے پر تعویز ڈال دیں۔ سات یوم صبح نہار منہ اور رات کو دیا (بتی) دیکھنے کے بعد پینا ہے۔ دیا

(بتی) یہ ہے:

ادھر سے جلانا ہے

اللّٰھم احرق الشیاطین

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٣ | ٣ | ٢ | ١٦ |
| ٨ | ١٠ | ١١ | ٥ |
| ١٢ | ٦ | ٧ | ٩ |
| ١ | ١٥ | ١٤ | ٤ |

کلھم — بحق — اچھڑ

ھذا التکیر

ادھر سے لپیٹنا ہے

**نوٹ** یہ سیاہ نشان والی بتی ہے۔ تفصیل آگے آرہی ہے۔

**تفصیل:** یہ اچھڑ والی بتی کہلاتی ہے۔ جلانے کا نشان اور لپیٹنے کا نشان لگا دیا گیا ہے۔ بتی بنا کر سیاہ نشان لگائیں۔ پھر اس بتی پر روئی لپیٹ کر مٹی کے نئے دیا میں تلوں یا سرسوں کا تیل ڈال کر بتی رکھ دیں۔ بعد غروب سورج کسی وقت معین پر دیا جلائیں اور مریض شمع (لائٹ) پر نگاہ جما کر دیکھے۔ تقریباً آدھ گھنٹہ تک روزانہ سات رات دیکھنا ہے۔ ہر رات مقررہ وقت پر بلاناغہ دیکھنا ہے۔ اس میں جنات جلتے نظر آئیں گے۔ بلاخوف وخطر دیکھے۔ انشاءاللہ جنات جل جائیں گے۔ جب یہ دیا فارغ ہو جائے تو جاری پانی میں ڈال دیں۔

## دوسری بتی:

یہ بتی جو اگلے صفحے پر ہے، اس کو سرخ نشان لگائیں۔ اس پر نیلا سوتی کپڑا لپیٹ کر بوقت ضرورت (بوقت دورہ، خوف، بے چینی، گھبراہٹ) سونگھائیں۔ انشاءاللہ فوراً دورہ ختم ہو جائے گا۔

# سرخ بتی

آگ ادھر سے لگانی ہے ←

| ٧٨٧ | ایہا الجان المارد اخرج عنا فان لم تخرج عنا فادنو الجرب | | | | | | ٦٦ | ٣٦٣ | ٢٢١٣ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٦٦ | العجل | ١٩ | ١٧ | ٢٦ | ٨ | ٢٩ | ١ | العجل | ٦٦ |
| باق | العجل | ٢١ | ١١ | ١٤ | ٢٨ | ١٢ | ٢ | العجل | باق |
| من | العجل | ١٣ | ٢٢ | ٣٠ | ٢٤ | ٧ | ١٠ | العجل | من |
| کل | العجل | ٢٧ | ٤ | ٣ | ٢٠ | ١٥ | ٥ | العجل | کل |
| فان | العجل | ١٦ | ٢ | ٩ | ١٨ | ٢٣ | ٢٥ | العجل | فان |

اس کو لپیٹ کر سرخ نشان لگائیں۔ نشان کی طرف سے جلا کر مریض کو سونگھائیں

ادھر سے لپیٹنا ہے ←

# نمازِ استخارہ

دو رکعت نماز استخارہ بعد نماز عشاء پڑھ کر بعد میں سجدہ میں ''یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ'' ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھ کر دعا کریں۔ یہ عمل تین دن کریں اور ہر جمعرات کو کریں۔

# جادو اور آسیب کا توڑ

**طریقہ** چینی کی پلیٹ پر زعفران سے سورۃ فاتحہ بمع تسمیہ، سورۃ فلق اور سورۃ ناس لکھیں۔ پھر اس پلیٹ کو اگربتی کی دھونی دیں۔ کچھ دھونی مریض اپنے اوپر لے۔ پھر ایک بالٹی پانی کی بھر کر اس میں پلیٹ کو دھولیں۔ اس پانی سے تین کام لینے ہیں:

**ایک** ایک بوتل بھر لیں۔ یہ پانی مریض سات یوم تک پیے۔

**دوسرا** تھوڑا سا پانی لے کر مکان کے اندر، باہر اور صحن میں ( سوائے غسل خانہ اور لیٹرین کے ) تمام کونوں میں چھڑک دیں۔ یہ ایک دن کرنا ہے۔

**تیسرا** باقی پانی سے مریض پاک جگہ پر غسل کرے۔ یہ غسل والا پانی گندی جگہ یا نالی میں نہ جائے۔ سخت احتیاط کرنی ہے۔ غسل بھی ایک دن کرنا ہے۔

یہ کورس ایک ہفتہ کا ہے۔ اس طرح صحت ہونے تک جاری رکھیں۔ انشاءاللہ جادو انسانی ہو یا جناتی ٹوٹ جائے گا۔ سخت توڑ ہے۔

**نوٹ** یہ بوتل والا پانی صرف رات کو پینا ہے۔ اور صبح کے لئے یا حفیظ والا تعویز جو صفحہ پر ہے، زعفران سے لکھ کر عرق گلاب میں ڈال کر سات یوم پلائیں۔

# برائے مغلوب کرنا دشمن کو

کسی عدالت یا دشمن کے سامنے جائے تو اس کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھ کر جائے۔ انشاءاللہ دشمن مغلوب ہوگا۔

| |
|---|
| مکسلمینا عملینا<br>تبیونس دردونس<br>کفاشیطیطوس<br>منطواسیس قطمیر |

# قرآن پاک کا نقش

اس نقش کو زعفران سے لکھیں۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۸۱۰۵۲۸۴ | ۸۱۰۵۲۷۹ | ۸۱۰۵۲۸۶ |
| ۸۱۰۵۲۸۵ | ۸۱۰۵۲۸۳ | ۸۱۰۵۲۸۱ |
| ۸۱۰۵۲۸۰ | ۸۱۰۵۲۸۷ | ۸۱۰۵۲۸۲ |

**برائے جسمانی مرض:**

تمام جسمانی امراض کے لئے گیارہ دن صبح وشام پینا ہے۔

**برائے درد ہر قسم:**

زیتون کے تیل میں ملا کر رات کو مالش کریں۔

**برائے مرض اٹھرا:**

بے اولاد کے لئے از حد مؤثر ہے۔ گیارہ دن کے حساب سے عرق گلاب میں صبح وشام پلائیں۔ گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔

---

# برائے امراض بچگان

۴۱۱۱۵ ۸۱ ۱۱ ۱۱ھ اگر بچے کو نظر لگ جائے یا والدہ کا دودھ نہ پیئے یا ہاتھ پاؤں اکڑ جائیں یا دورے پڑیں یا ام الصبیان ہو، ان تمام کے لئے از حد مؤثر ہے۔ چھ نقش لکھ کر دیں۔ ایک صبح اور ایک شام استعمال کرنا ہے۔

**طریقہ** روٹی پکنے کے بعد آٹے والے پانی میں نقش کو گھول کر گرم توے پر چھینٹے لگائیں۔ جو دھواں اٹھے گا، اس دھویں کے اوپر بچے کا منہ کر دیں۔ اور گلے میں امنت باللہ والا تعویز لکھ کر ڈال دیں۔ اور پینے کے لئے یا حفیظ والا تعویز عرق گلاب میں ڈال کر گیارہ دن تک پلائیں۔

# پندرہ (۱۵) کے نقش کے عملیات

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

**برائے حب زوجین:** اس نقش کو لکھ کر آٹے کے اندر گولی بنائیں۔ پھر ایک ٹین کے ڈبے میں آدھی مٹی بھریں اور یہ گولی اس میں رکھ کر اوپر مٹی ڈال کر بھر دیں۔ گیارہ دن صبح وشام تھوڑی حرارت دیں۔ اکتالیس (۴۱) دن انتظار کریں۔ ورنہ پھر کریں۔

**برائے زبان درازی:** اوپر والا نقش لکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر بیس (۲۰) کلو سے زیادہ وزن کے نیچے دبا دیں۔ احتیاط کریں کہ کسی کا پاؤں نہ آئے۔ یہ صرف زوجین کے لئے ہے۔

**برائے تفریق:** ناجائز تعلق کی بنا پر یہ نقش بھوج پتر پر لکھے۔ الحب کی جگہ البغض فلاں بن فلاں لکھے۔ اوپر نیچے کاغذ میں لپیٹ لیں اور پھر کاغذ کے اوپر سیدھا سمجھنے کے لئے تیر ( ) کا نشان لگائیں اور کھڑا تعویز دو قبروں کے درمیان ایک بالشت زمین کے نیچے دفن کریں۔ جدائی ہو جائیگی۔

# برائے حب و فرمانبرداری اولاد

محبت زوجین، نافرمان اولاد و دیگر عزیز و اقارب ولواحقین کی محبت کے لئے ازحد مؤثر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الرحمٰن الرحیم
الرحمٰن الرحیم
الرحمٰن الرحیم
لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

**طریقہ** تین تعویز لکھے۔ ایک تعویز بے خبری میں تین دن تک پلائے۔ انشاءاللہ کام ہوگا۔


# برائے سہولت نکاح

اس نقش کو تعویز بنا کر اور پر خوشبو والی روئی لگا کر سبز کپڑے میں لپیٹ کر ڈبیہ میں بند کر کے سورۃ مریم ایک ایک مرتبہ صبح وشام مسلسل تین دن تک پڑھ کر دم کر کے کسی اوپر جگہ رکھیں۔ انشاء اللہ رشتوں کے پیغام آئیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ | ۱۹ | ۳۷ | ۲۸ |
| ۱۳ | ۱ | ۵ | ۲ |
| ۲ | ۵ | ۵۴ | ۵۲ |
| ع۳۳ | ط۱۳ | ۱۰ | ۱ |

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

# برائے حب وگمشدگی




**حب کے لئے:** یہ نقش تین عدد لکھے۔ ایک درخت پر لٹکائے، دوسرا بیس کلو سے زیادہ وزن کے نیچے رکھے اور تیسرا طالب گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے۔

**گمشدگی کے لئے:**

تین نقش بھی لکھے اور سورۃ والضحیٰ اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ پڑھے۔

# گھر میں لگانے والا نقش برائے جنات وجادو

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق و من شر غاسق اذا
وقب و من شر النفثت فی العقد و من شر حاسد اذا حسد

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

قل اعوذ برب الناس ملک الناس الہ الناس من شر الوسواس
الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

امنت با اللّٰہ العظیم و کفرت باالجبت والطاغوت واستمسکت
بالعروۃ الوثقی لانفصام لھا واللّٰہ سمیع علیم لا حول ولا قوۃ
الا بااللّٰہ العلی العظیم اعوذ بکلمات اللّٰہ التامات من شر ما خلق

یاحافظ یاحافظ یاحافظ یاحافظ یاحافظ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

یاحفیظ یاحی یاقیوم
یااللّٰہ یارحمٰن یارحیم
یااللّٰہ یارحمٰن یارحیم
یااللّٰہ یارحمٰن یارحیم
یااللّٰہ یارحمٰن یارحیم

یہ نقش گھر میں لگانے کے لئے ہے۔جس کمرے میں اثر ہواس میں ضرور لگائیں۔اور مریض کے کمرے میں بھی لگائیں۔یا تو قبلہ کی طرف والی دیوار میں لگائیں۔یا پھر دروازے میں اندر کی طرف لگائیں۔

# برائے سحر و آسیب و بواسیر وغیرہ


ہر اتوار کو مریض کو غسل کرائیں۔ یہ کورس پانچ اتوار تک کرنا ہے۔ اور بواسیر کے لئے لکھ کر مریض کو پلائیں اور غسل کرائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۶ | ۷۹ | ۸۲ | ۶۹ |
| ۸۱ | ۷۰ | ۷۵ | ۸۰ |
| ۷۱ | ۸۴ | ۷۷ | ۷۴ |
| ۷۸ | ۷۳ | ۷۲ | ۸۳ |

---

# برائے حصار مکان

چار کوری مٹی کی ڈولی میں تعویز کو بند کر کے چاروں کونوں میں دبا دیں۔



# چوری معلوم کرنے کا نقش

اس نقش کو اس جگہ لٹکائیں جہاں سے چوری ہوئی ہے۔اور پھر صبح وشام اس نقش کی طرف منہ کرکے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور ایک سو گیارہ بار اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ پڑھ کر دم کریں۔ یہ عمل گیارہ دن کرنا ہے۔ انشاء اللہ یا چیز مل جائے گی یا چور معلوم ہوگا۔

| جس کی چوری ہوئی ہے اسکا نام<br>نام بمع والدہ | | یہاں سامان کی تفصیل لکھیں<br>سامان کی تفصیل | |
|---|---|---|---|
| ۲۹ | ۱۱۰ | ۶۴ | ۵۵ |
| ۱۹ | ۱۱۱ | ۱۳ | ۵ |


روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

خادم العلماء والعاملین طبیب روحانی وجسمانی ابو نافع خالد مقبول عارف چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی

خط وکتابت پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ 54570

فون دفتر 35033371 (042) موبائل دفتر 7772772 (0343)

Website: www.darulamal.org/ruhanidarsgah

info@darulamal.org, spiritualist77@gmail.com